تبصرے

آنحضرت صلعم اور جوانی از ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب پروفیسر جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن۔ تقطیع بڑی کتابت
طباعت اور کاغذ معمولی ضخامت مع اشتہارات ۲۸ صفحات قیمت ۱ر پتہ:۔ دفتر جمعیۃ مسلم نوجوانان سکندر آباد
سکندر آباد (دکن) میں وہاں کے پرجوش مسلمان نوجوانوں کی ایک انجمن ہے جس کا اہم مقصد یہ ہے
مسلمانوں میں مذہبی بیداری پیدا کرنے کے لیے ہر قمری مہینہ کی مناسبت سے کسی دینی موضوع پر ایک
پمفلٹ کثیر تعداد میں چھپوا کر کم سے کم قیمت پر فروخت کیا جائے۔ زیر تبصرہ رسالہ اسی سلسلہ کی تیسری کڑی ہے
گذشتہ ماہ ربیع الاول میں شائع کیا گیا تھا۔ اس رسالہ میں نامی گرامی مصنف نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
عہد شباب کے واقعات بیان کیے ہیں، اور ان سے یہ ثابت کیا ہے کہ کس طرح یہ واقعات خود بتا رہے
کہ آپ آئندہ چل کر دنیا کی عظیم ترین شخصیت بننے والے ہیں۔ اس سلسلہ میں بعض وہ واقعات بھی آگئے
جو اگرچہ آپ کے عہد شباب سے متعلق نہیں ہیں، لیکن ان میں جوانوں کے ساتھ مشابہت پائی
جاتی ہے۔ مثلاً آپ کا کشتی لڑنا، حضرتِ عائشہ رض کے ساتھ دوڑنا۔ زبان نہایت صاف سلیس اور عام فہم ہے، ار
یہ بالکل مفت ہے۔ اس کا مطالعہ نوجوانوں کے لیے سرمایۂ عبرت اور بوڑھوں کے لیے سرمۂ بصیرت ہوگا۔

اسلام اور قربانی از مولانا مناظر احسن صاحب گیلانی شیخ الحدیث جامعہ عثمانیہ دکن۔ یہ رسالہ اسی انجمن کے
سلسلۂ اشاعت کا شمارۂ اول ہے۔ اس میں مولانا نے اپنے مخصوص انداز میں قربانی کا حکم، اس کی تاریخ،
قربانی کی حکمتیں۔ بعض اعتراضوں کے جوابات، اور حضرت ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام کے واقعات جو
قربانی سے متعلق ہیں عام فہم اور آسان اردو میں بیان کیے ہیں۔ اس کا مطالعہ ہر مسلمان مرد اور عورت کے
لیے مفید ہوگا۔ تقطیع بڑی صفحات ۳۲ قیمت وہی ار